Urdu

ذیابیطس کی وجہ سے پاؤں کو لاحق خطرے کی درجہ بندی اور علاج کی ترتیب

Diabetic Foot Risk Stratification and Triage

متحرک

وضاحت

فعال السر، انفیکشن کی موجودگی، خون کی گردش کے رک جانے کے ساتھ یا اُس کے بغیر ہو ، گینگرین یا ناقابل وضاحت گرم، سرخ اور سوجے ہوئے پاؤں درد کی موجودگی کے ساتھ یا اس کے بغیر ہوں

اقدام

- جیسا کہ نیچے دیا گیا ہے اور اس کے علاوہ مختلف شعبوں کے ماہرین پر مشتمل ذیابیطس سے متاثرہ پاؤں کی دیکھ بھال کی ٹیم (ملٹی ڈسپلنری ڈائبٹیزفٹ ٹیم) کے کسی فرد کے پاس فوری بھیجنا یا اُس کی ذریعے دیکھ بھال یا جب مناسب ہو براہ راست ویسکیولر یعنی رگوں کے شعبے کے پاس بھیجنا

ریمیشن میں (مرض کی شدت میں کمی) / بلند

وضاحت

پہلے السر، ایمپیوٹیشن (جسم کے کسی حصے کا کاٹنا) یا دیرینہ شرکوفٹ (Charcot Foot) کا ہونا

خطرے کی ایک سے زیادہ وجوہات موجود ہیں مثلاً احساس کی خرابی، ذیلی شریانی بیماری کے آثار، گٹا یا کسی عضو کی شکل کا بگڑنا، خود اپنی دیکھ بھال کرنے سے قاصر ہیں یا کوئی مدد دستیاب نہیں یا ای جی ایف آر (eGFR) 15 یا اس سے کم۔

اقدام

جیسا کہ نیچے دیا گیا ہے اور اس کے علاوہ:

- ذیابیطس سے متاثرہ پاؤں کا تجربہ رکھنے والے پوڈائٹرسٹ (پاؤں کے علاج کے ماہر) کے ذریعے تشخیص
- ضرورت کے مطابق دیگر متعلقہ سپیشلسٹس کے پاس ریفر کرنا
- کسی آرتھوٹسٹ (وہ شخص جو آپ کے جوتے تیار کرتا ہے) / پوڈائٹرسٹ کے ذریعے مریض کے اپنے یا نسخے پر فراہم کیے جانے والے جوتوں اور اندرونی تلووں کا مزید جائزہ، خاص طور پر اُن کے لیے جو 'ریمیشن (عارضی کمی) میں' ہوں

درمیانہ

وضاحت

خطرے کا ایک وجہ موجود ہے مثلاً احساس کی خرابی، ذیلی شریانی بیماری کے آثار، خود اپنی دیکھ بھال کرنے کے قابل نہ ہونا ہیں یا کوئی مدد دستیاب نہیں یا ای جی ایف آر (eGFR) 15 یا اس سے کم۔

اقدام

جیسا کہ نیچے دیا گیا ہے اور اس کے علاوہ:

- اضافی طور پر پاؤں کی تشخیص اور طے شدہ علاج / جہاں ضرورت ہو وہاں پوڈائٹرسٹ یا کسی دیگر تربیت یافتہ صحت کے پیشہ ورماہر سے دیکھ بھال کا منصوبہ
- مریض کے اپنے جوتوں کا جائزہ
- اگر ضرورت ہو تو خصوصی جوتوں اور اندرونی تلووں کی فراہمی پر غور کریں، جن کی کوئی آرتھوٹسٹ / پوڈائٹرسٹ پیمائش کرے اور فٹ کرے

کم

وضاحت

خطرے کی کوئی وجوہات موجود نہیں ہیں مثلاً احساس میں کوئی خرابی نہیں، ذیلی شریانی بیماری کے کوئی آثار نہیں ہیں اور خطرے کی کوئی دیگر وجوہات نہیں ہیں۔

اقدام

تربیت یافتہ ہیلتھ کیئر ورکر سے سالانہ معائنہ (سکریننگ)۔ پاؤں کی دیکھ بھال اورخود اپنی دیکھ بھال کرنے کے منصوبے پر اتفاق کرنا (کیونکہ کوئی بھی شخص جسے 'کم درجے کا خطرہ' ہے اُسے پاؤں کا السر (زخم) ہونے کا امکان کسی ایسے شخص سے زیادہ نہیں ہے جسے ذیابیطس نہ ہو)۔ جوتوں کا جائزہ لینا۔ تحریری اور زبانی تعلیم فراہم کرنا بشمول ان معلومات کے کہ ضرورت پڑنے پر پوڈائٹری (پاؤں کی بیماریوں کے علاج) تک کیسے رسائی حاصل کرنی ہے (فوری طور پر یا دیگر)۔ کارڈیوویسکیولر (دل اور شریانوں سے متعلقہ) خطرے کو کم کرنے سے متعلقہ معلومات فراہم کرنا۔ تمباکو نوشی کرنے والے تمام افراد کی تمباکو نوشی ترک کرنے کے پروگرام میں شامل ہونے کی حوصلہ افزائی کرنا اور اُن کی ایسے پروگرام کی طرف رہنمائی کرنا۔

خطرے کی یہ اقسام ایس سی آئی -ڈائبٹیز (SCI-Diabetes) فٹ رسک سٹریٹیفیکیشن ٹول کے استعمال سے متعلقہ ہیں

سکاٹش ڈائبٹیز- فٹ ایکشن گروپ کا تیار کردہ

CTP.TRFFLT.16_06185.H